عوامی مراعات اور امیگریشن سے متعلق فکر مند ہیں؟

غیر ضروری طور پر عوامی مراعات کا استعمال بند نہ کریں۔

اگر آپ اس بارے میں کوئی سوالات یا خدشات رکھتے ہیں کہ یہ اصول کس طرح آپ پر اثر انداز ہو سکتا ہے **تو ActionNYC کو 1-800-354-0365 پر کال کریں اور "عوامی چارج" کہیں۔**

یہ جاننا اہم ہے کہ:

- "عوامی چارج" کا اصول عوامی مراعات کے لئے اہلیت کے تقاضے تبدیل نہیں کرتا۔
- "عوامی چارج" کا اصول ہر کسی کو متاثر نہیں کرتا۔ ان گرین کارڈ ہولڈرز کے لئے جو شہریت کی درخواست دیتے ہیں "عوامی چارج" کا کوئی ٹیسٹ نہیں ہے۔
- مفت قانونی مدد دستیاب ہے۔ اگر آپ کوئی سوالات یا خدشات رکھتے ہیں، تو مفت، محفوظ امیگریشن کی قانونی خدمت کے فراہم کنندہ سے مشاورت کریں۔ **ActionNYC کو 1-800-354-0365 پر کال کریں اور "عوامی چارج" کہیں۔**
- اگر آپ بیرون ملک کسی خاندانی فرد کی مالی کفالت کر رہے ہیں، یا گرین کارڈ یا ویزا کی درخواست دینے کی خاطر بیرون ملک کا سفر کرنے لگے ہیں، تو یہ سمجھنے کی خاطر کہ "عوامی چارج" کس طرح آپ پر اثر انداز ہو سکتا ہے ActionNYC پر مفت، محفوظ امیگریشن کی قانونی خدمات کے حصول کے لئے کال کریں۔
- شہر "عوامی چارج" کے اصول کو روکنے کے لیے مدافعت جاری رکھے گا۔ **NYC.gov/PublicCharge پر باخبر رہیں۔**

یہ معلومات عام تعلیمی مقاصد کے لئے ہے اور یہ قانونی مشورہ نہیں۔

Department of Social Services | Mayor's Office of Immigrant Affairs | NYC

Urdu